## ایم کیوایم جاگیرداری کے خاتمے کیلئے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں لینڈ ریفارمز کا بل پیش کرے گی، الطاف حسین

## وقت آگیا ہے کہ قانون سازی کے ذریعے زمین کی ملکیت کی حد مقرر کی جائے

## مقررہ حد سے زیادہ زمینیں غریب کسانوں اور ہاریوں میں تقسیم کردی جائیں

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور ارکان پارلیمنٹ لینڈ ریفارمز سے متعلق بل پیش کرنے کیلئے تیاریاں شروع کردیں

## راتوں رات دولتمند بننے والے نو دولیتے سیاستدانوں کی بھی تفصیلات جمع کی جائیں

## جاگیردارانہ نظام کے خلاف جس علم کو بلند کیا ہے اسے کسی قیمت پر اپنے ہاتھ سے نہیں چھوڑیں گے

## جس پاکستانی کے دل میں کرپٹ پولیٹکل کلچر اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی خواہش ہے اس کی نگاہیں ایم کیوایم کی طرف لگی ہوئی ہیں

## جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہی پاکستان بچانے کا واحد فارمولا ہے

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست سینیٹر اور ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کے مشترکہ اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔31/اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک سے جاگیرداری کے خاتمے کیلئے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں لینڈ ریفارمز سے متعلق قانون سازی کے لئے بل پیش کرے گی۔ انہوں نے اس بات کا اعلان ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست سینیٹر اور ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کے مشترکہ اجلاس سے ٹیلی فون پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ وقت آگیا ہے کہ اب زمین پارلیمنٹ میں قانون سازی کے ذریعے زمین کی ملکیت کی ایک حد مقرر کی جائے اور اگر کسی کے پاس مقررہ حد سے زیادہ جتنی بھی زمینیں ہیں وہ غریب کسانوں اور ہاریوں میں تقسیم کردی جائیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور ارکان پارلیمنٹ کو ہدایت کی کہ وہ لینڈ ریفارمز سے متعلق بل پیش کرنے کیلئے تیاریاں شروع کردیں۔ اس سلسلے میں تحقیق کرکے یہ تفصیلات بھی جمع کی جائیں کہ کس ڈیرے جاگیردار کے پاس کتنی قابل کاشت اور کتنی ناقابل کاشت زمین موجود ہے۔ ان میں بیشتر جاگیردار تو وہ ہیں جن کے آباؤ اجداد کو انگریزوں کی خدمت کرنے اور ان سے وفاداری کے عیوض بڑی زمینیں اور جاگیریں عطا کی گئی ہیں اور وہ بڑے فخر سے اس بات کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے جاگیردارانہ نظام کے خلاف جس علم کو بلند کیا ہے اسے کسی بھی قیمت پر اپنے ہاتھ سے نہیں چھوڑیں گے اور ملک کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے نجات دلا کر رہیں گے کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ جاگیردارانہ نظام اور پاکستان اب ایک ساتھ نہیں چل سکتے کیونکہ جاگیردارانہ نظام اور جمہوریت ایک دوسرے کی ضد ہے ، جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہی پاکستان بچانے کا واحد فارمولا ہے۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی اور ارکان پارلیمنٹ سے کہا کہ جاگیرداروں اور وڈیروں کی زمینوں کی تفصیلات کے ساتھ ساتھ راتوں رات دولتمند بننے والے نو دولیئے سیاستدانوں کی بھی تفصیلات جمع کی جائیں کہ جن کے پاس اقتدار میں آنے سے قبل کچھ بھی نہیں تھا اور آج وہ ملک اور بیرون ملک بڑی بڑی جاگیریں اور جائیدادوں کے مالک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں نے جاگیردارانہ نظام اور کرپٹ پولیٹیکل کلچر کے خاتمے کے لئے سخت اقدام کی بات کی تو تمام جاگیرداروں اور لیٹروں نے اس بات کو مارشل لاء سے تعبیر کرکے ایم کیوایم کے خلاف شرانگیز الزامات شروع کردیئے لیکن عوام ہمارے مؤقف کی تائید کررہے ہیں جس پاکستانی کے دل میں بھی ملک سے کرپٹ پولیٹیکل کلچر اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی خواہش ہے اس کی نگاہیں آج ایم کیوایم کی طرف لگی ہوئی ہیں، عوام خوب اچھی طرح سمجھ چکے ہیں کہ ایم کیوایم کے علاوہ اور کوئی جماعت نہیں ہے جس کی قیادت مڈل کلاس سے تعلق رکھتی ہو اور جو ڈیموکریٹک اور لبرل ہو اور سکولر بھی ہو۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کمیٹی اور ارکان پارلیمنٹ سے کہا کہ کرپٹ پولیٹکل کلچر اور فرسودہ جاگیردارنہ نظام کے خاتمہ کے لئے بھی ہر محاذ پر لڑنا ہوگا اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ، غریب مزدوروں، محنت کشوں، ہاریوں کسانوں، چھوٹے کاشتکاروں میں شعور کی بیداری کے لئے زیادہ سے زیادہ محنت کرنی ہوگی اور ہم جتنا محنت سے کام کریں گے اتنا ہی ہمارے مشن ومقصد کی کامیابی یقینی ہوگی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ سے بھاری مالیت کی امدادی سامان کے مزید 2 ٹرک سکھر اور ایک کنٹینر اور ایک ٹرک ٹھٹھہ روانہ کردیئے گئے، امدادی سامان کے یہ ٹرک کے کے ایف سے ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور سیف یار خان نے اپنی نگرانی میں سکھر اور ٹھٹھہ روانہ کیا

## ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز آف پاکستان کے عہدیداران کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کا دورہ

## ایسوسی ایشن کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں سیلاب زدگان کیلئے امدادی سامان سے بھرے چار ٹرک جمع کروائیں

کراچی۔۔۔31/اگست 2010ء

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے بھاری مالیت کی امدادی سامان کے مزید کنٹینرز اور ٹرک سکھر و ٹھٹھہ روانہ کردیئے گئے، امدادی سامان سے بھرے یہ کنٹینرز اور ٹرک خدمت خلق فاؤنڈیشن سے ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور سیف یار خان نے اپنی نگرانی میں سکھر و ٹھٹھہ روانہ کیا۔ جس میں لاکھوں روپے مالیت کے امدادی سامان، غذائی اجناس، پینے کا صاف پانی، ادویات، ملبوسات، گدے، دیگر امدادی اشیاء اور خیمے بھی شامل ہیں۔ سکھر جانے والے دو امدادی ٹرکوں کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ سے کراچی کینٹ اسٹیشن پہنچایا گا جہاں سے یہ تمام سامان سکھر ایکسپریس کے ذریعے سکھر روانہ کردیا گیا۔ اس سے قبل رابطہ کمیٹی کے ارکان نے امداد سامان اپنے ہاتھوں سے پیک کیا اور کے کے ایف کے رضا کاروں اور ایم کیو ایم کے کارکنان کے ہمراہ ٹرکوں میں لوڈ کروایا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت ایم کیو ایم کا نصب العین ہے، ایم کیو ایم سیاست برائے سیاست پر نہیں بلکہ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ماضی کی روایات کو قائم رکھتے ہوئے اسی جذبے کے تحت سیلاب زدگان کی مدد کررہی ہے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری سے ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز آف پاکستان کے عہدیدارن نے پیر کو ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے اپنی ایسوسی ایشن کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں چار ٹرک امدادی سامان جمع کروائے جو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری نے شکریہ کے ساتھ ایسوسی ایشن کے ریجنل چیئرمین سلیم قاسم پٹیل، رئیس احمد اور رضوان آڈیا سے وصول کیے۔ ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے اس موقع پر کے کے ایف کے مرکزی کیمپ کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاران کو کام کرتے دیکھا اوران کے اس قومی جذبے کو سراہتے ہوئے اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## اشفاق منگی اور عبدالرؤف صدیقی کا کشمور میں خیمہ بستی اور غوث پور کے میڈیکل کیمپ کا دورہ

## متاثرین سے مکمل اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان میں کھانا، پینے کا صاف پانی اور راشن کا مکمل سامان تقسیم کیا

## متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ملتان علاقے ڈیرہ غازی خان کی مختلف تحصیلوں میں بھی سیلاب سے متاثرہ ہزاروں خاندانوں میں راشن اور دیگر امدادی سامان تقسیم کیا گیا

سکھر۔۔۔31، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی نے ضلع کشمور میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب متاثرین کیلئے بسائی جانیوالی خیمہ بستی اور غوث پور میں میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا اور متاثرین سے مکمل اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان میں کھانا، پینے کا صاف پانی اور راشن کا مکمل سامان تقسیم کیا۔ انہوں نے غوث پور میڈیکل کیمپ میں طبّی سہولیات کا جائزہ لیا، مریضوں کی عیادت کرکے ان کی خیریت دریافت کی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔ اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان آفتاب سومرو، ندیم احمد کے علاوہ زونل کمیٹی کے انچارج غلام جیلانی منگی و دیگر اراکین زونل کمیٹی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اشفاق منگی اور رؤف صدیقی نے متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، سیلاب متاثرین ہمارے بھائی ہیں جن کی مدد کرنا ہمارا قومی، دینی اور اخلاقی فریضہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو دکھی انسانیت کا درد دل میں رکھتے ہیں اور جنہوں نے سیلاب زدگان کی تکلیف اور مشکلات کو اپنے سینے پر محسوس کرتے ہوئے مشکل کی گھڑی میں متاثرین کی دل کھول مدد کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کو یقین دلایا کہ جب تک ایک ایک سیلاب زدہ شخص اپنے گھر میں دوبارہ آباد نہیں ہوجاتا اس وقت تک ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ دریں اثناء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت پنجاب کے شہر ملتان کے

علاقے ڈیرہ غازی خان کی مختلف تحصیلوں میں سیلاب سے متاثرہ ہزاروں خاندانوں میں راشن اور دیگر امدادی سامان تقسیم کیا گیا۔تحصیل موضع ملکانی ،ملتان روڈ،غوثیہ آباد ضلع راجن پور کی تحصیل جام پور،محمد پور اور سادن کنڈ میں تقسیم کیے گئے امدادی سامان میں لاکھوں روپے مالیت کی خشک غذائی اجناس آٹا، چاول، دالیں،شکر، چائے کی پتی،گھی وغیرہ کے علاوہ دیگر امدادی سامان شامل ہیں جسے ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج ارشد سبیل،ملتان زونل کمیٹی کے ارکان نعیم ارشد،رانا افلاطون،ڈسٹرکٹس ڈیرہ غازی خان،راجن پور کے ذمہ داران نے متاثرین میں اپنے ہاتھوں سے تقسیم کیا۔

## اے این پی،قائد تحریک الطاف حسین کو پاکستان لانے کی فکر کرنے کے بجائے اسفندیار ولی کو پشاور چارسدہ بھیجنے کی فکر کریں،رضا ہارون

## سیلاب سے متاثرہ صوبہ خیبر پختونخواہ کے عوام اے این پی کے وزراء اور رہنماؤں کو ڈھونڈتے پھر رہے ہیں

کراچی ۔۔۔ 31اگست2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر رضا ہارون نے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماء وسینئر وزیر خیبر پختونخواہ بشیر بلور کی جانب سے خیبر پختونخواہ اسمبلی کے باہر میڈیا سے گفتگو کے دوران قائد تحریک جناب الطاف حسین پر ہرزہ سرائی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے ۔اپنے ایک بیان میں رضا ہارون نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ڈیل کر کے یا قومی دولت لوٹ کر ملک سے نہیں گئے ہیں بلکہ انہیں ایم کیوایم کے کارکنوں نے ازخود لندن بھیجا ہے تا کہ وہ وہاں محفوظ رہ کر تحریک کی رہنمائی کریں ۔انہوں نے کہا کہ اے این پی انٹر پول کے ذریعے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو پاکستان لانے اور آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کی فکر کرنے کے بجائے اے این پی کے سربراہ اسفندیار ولی کو پشاور اور چارسدہ بھیجنے کی فکر کریں جہاں سیلاب سے متاثرین اے این پی کے ووٹرز اے این پی کے وزراء اور رہنماؤں کو ڈھونڈ رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ٹرانپیرنسی انٹرنیشنل نے صوبہ خیبر پختونخوا کی حکومت کو کرپٹ ترین قرار دیا ہے اور صوبہ خیبر پختونخوا کو ملنے والا یہ بدترین تحفہ بھی اے این پی کی حکومت کی بدترین کارکردگی کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے این پی کے رہنما آرٹیکل 6 کے تحت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خلاف کارروائی کا اپنا شوق ضرور پورا کریں اور اس میں ناکامی کی صورت میں اے این پی کی حکومت قوم سے وعدہ کرے کہ وہ مستعفی ہو جائیں گے ۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا بیان ملک پر قابض جاگیرداروں،وڈیروں اور سرداروں کے خلاف ہے اور اس بیان پر جن لوگوں کے پیٹ میں مروڑ اٹھ رہے ہیں وہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے حامی ہیں اور ان کے چہرے اب ایک ایک کر کے ملک بھر کے مظلوم عوام کے سامنے بے نقاب ہو رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیان کا زبردست خیر مقدم کیا جارہا ہے اور جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد کو سراہا جارہا ہے لہٰذا بشیر بلور اور اے این پی کے رہنما قائد تحریک جناب الطاف حسین پر بلا جواز تنقید کرنے کے بجائے اپنے گریبان میں جھانکیں اور اپنا خود احتساب کریں۔

## SUNCahrityUSA اور اقوام متحدہ کی تنظیم UNHCR کے درمیان پاکستان کے

## سیلاب زدگان کیلیے امدادی کارروائیوں میں اشتراک کیلیے تاریخی معاہدہ

## UNHCR کے اشتراک سے امدادی کارروائیوں کی رفتار میں گرانقدر اضافہ ہوگا:سن چیریٹی یوایس اے

## پاکستان کلب یوایس اے، پاکستان امریکن بزنس ایسوسی ایشن اور متعدد دیگر تنظیموں کی SUNCahrityUSA کو معاہدے پر مبارکباد

ورجینیا،۳۰ اگست،۲۰۱۰:

سن چیریٹی یوایس اے کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق سن چیریٹی یوایس اے اور پناہ گزینوں کی امداد کیلیے اقوام متحدہ کی ذیلی تنظیم USA for UNHCR کے درمیان پاکستان کے سیلاب زدگان کی امدادی کارروائیوں میں اشتراک کیلیے ایک معاہدہ طے پایا ہے جسکی رو سے پاکستان کے تباہکن سیلاب سے متاثرہ افراد کی امداد کیلیے دونوں تنظیمیں اپنے وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایکدوسرے کے ساتھ تعاون کرینگی ۔ معاہدے پر SUNCahrityUSA کی جانب سے SUNCahrityUSA کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عباد رحمان اور UNHCR کی جانب سے UNHCR کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر مارک بریسلاء نے دستخط کیے۔ معاہدے کی تفصیلات بتاتے ہوئے SUNCahrityUSA کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عباد رحمان نے کہا کہ اس تاریخ ساز معاہدے کی رو سے دونوں تنظیمیں امدادی کارروائیوں میں ایک دوسرے کے وسائل میں تعاون کرینگی اور اس اشتراک سے امدای کارروائیوں کی رفتار میں گرانقدر اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایک ایسا ہی معاہدہ خدمت خلق فاؤنڈیشن،متحدہ قومی موومنٹ یوایس

اے،اورUNHCR کے درمیان2005میں پاکستان کے زلزلے کے متاثرین کی امداد کیلیے بھی عمل میں آیا تھا جبUNHCR نے ان دونوں تنظیموں کے ساتھ ملکر کئی خصوصی پروازوں سے تقریباً ۳ملین ڈالرز کا امدادی سامان پاکستان کیلیے روانہ کیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک ایسے وقت جب متاثرین کیلیے عطیات دینے والوں میں حکومتی اور غیر حکومتی اداروں کو عطیات دینے میں بے اعتمادی کی فضا پائی جاتی ہے SUNCahrityUSA اور UNHCR کے درمیان اس معاہدے سے SUNCahrityUSA پرعوام کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے اضافہ کیا کہ دونوں تنظیموں کے اس اشتراک عمل سے امدادی کاروائیوں کو مہمیز ملے گی اور امدادی سامان کی ترسیل تیزی کے ساتھ اور بروقت ہوگی۔ دریں اثناء پاکستان کلب یوایس اے، پاکستان امریکن بزنس ایسوسی ایشن اور دیگر متعدد تنظیموں نے سن چیریٹی یوایس اے کو اس معاہدے پر مبارکباد دیتے ہوئے اسے دراصل متاثرین کیلیے نیک فال قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس معاہدے سے پاکستان کیلیے امریکی عوام میں اعتماد بڑھے گا۔ SUNCahrityUSA کے ذرائع کے مطابق دونوں تنظیموں کی جانب سے سیلاب سے متاثرین کی امداد کیلیے ایک قومی ٹی وی چینل پر مشترکہ طور پر ایک فنڈ ریزنگ ٹیلیتھون ۴ستمبر بروز ہفتہ رات ۹ بجے سے ۱۲ بجے تک منعقد ہوگی جس میں معروف شخصیات پاکستانی اور امریکن کمیونٹی سے سیلاب زدگان کی امداد کیلیے اپیل کرینگے۔

## جس قوم کو اپنی حالت کو بدلنے کا احساس ختم ہوجاتا ہے وہ ناکام و نامراد رہتی ہیں۔چیئرمین اے پی ایم ایس او اے پی ایم ایس او کے طالبعلم کارکنان پر لازم ہے کہ وہ تمام زی شعور طلباء اور عام عوام تک قائد تحریک کا پیغام پہنچائیں۔

کراچی۔۔۔30اگست 2010

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین ڈاکٹر یاسر نے کہا ہے کہ جس قوم سے اپنی حالت کو بدلنے کا احساس ختم ہوجاتا ہے وہ ناکام و نامراد رہتی ہیں جبکہ جو قوم بدلتے وقت کے ساتھ خود کو بدلنے کا ہنر جانتی ہیں وہ کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوجاتی ہیں۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے خورشید بیگم میموریل ہال میں سیکٹر آرگنائزرز و اراکین سیکٹر کمیٹیز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین سید طاہر حسین، سیکریٹری جنرل فرحان شمس اور مرکزی کابینہ کے اراکین بھی موجود تھے۔انھوں نے کہا کہ طلباء کسی بھی قوم کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ بانی و قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اس ملک کے فرسودہ نظام کو بدلنے اور استحصال شدہ طبقے کے غصب کیے گئے حقوق کی بحالی کی جدوجہد کا آغاز ایک طلباء تنظیم بنا کر کیا۔انھوں نے کہا کہ ساتھیو قائد تحریک الطاف حسین کو اے پی ایم ایس او کے طالبعلم کارکنان سے بہت زیادہ امیدیں وابستہ ہیں اور ایسے حالات میں کہ جب قائد تحریک کے گزشتہ بیان پر مختلف سیاسی جماعتوں کے قائدین بے بنیاد اور منفی پروپیگنڈہ کررہے ہیں تو ہمیں آگے آنا ہوگا اور قائد تحریک کا دست بازو بن کر ان کے پیغام کی صحیح ترجمانی کرتے ہوئے بالخصوص زی شعور طلباء اور عام عوام تک پیغام کا مقصد پہنچانا ہے۔انھوں نے کہا کہ آج جہاں پورا ملک سیلاب کی وجہ سے بدحالی کا شکار ہے، غریب و سفید پوش عوام کے سروں سے ان کا سایہ سیلاب کی نظر ہوچکا ہے، لوگ بھوک اور مختلف بیماریوں سے مر رہے ہیں وہاں بعض مفاد پرست سیاسی ناقدین اور نودولتئے عوام کا سہارا بننے کے بجائے اپنی سیاسی دکانیں بند ہونے اور اپنی زمینوں اور ان میں بلیک کے لیے رکھی گئی کروڑوں روپے کی چینی، گھر ملکیت کو بچانے کی فکر میں لگ گئے ہیں۔انھوں نے کہا کہ قائد تحریک کا بیان حق و سچ پر مبنی ہے اور اب یہ بات پاکستان کا ہر زی شعور شخص سمجھ چکا ہے اور تیزی سے سمجھ رہا ہے کہ اس فرسودہ و جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خاتمے کا حل انقلابِ فرانس کی طرز کا انقلاب ہے جو بہت جلد عوام کی طاقت سے پاکستان میں ضرور آکر رہے گا۔انھوں نے اجلاس میں موجود ذمہ داران کو ہدایت دیں کہ وہ زیادہ سے زیادہ اپنی تعلیم پر توجہ دیں اور اپنے قلم کے ذریعے آوازِ حق بلند کرنے میں اہم کردار ادا کریں۔

## ٹنڈوالہیار کے کارکن و سابق حق پرست کونسلر مبین احمد خانزادہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔31اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون یوسی A-1 کے کارکن و سابق حق پرست کونسلر مبین احمد خانزادہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## ٹنڈو الہیار زون یوسی A-1 کے کارکن وحق پرست کونسلر مبین احمد خانزادہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی ۔۔۔ 31 اگست 2010ء

ایم کیو ایم ٹنڈو الہیار زون یوسی A-1 کے کارکن وحق پرست کونسلر مبین احمد خانزادہ علالت کے باعث انتقال کر گئے ۔ مرحوم کی عمر 55 سال تھی ۔ وہ کافی عرصے سے دل کے عارضے میں مبتلا تھے ۔ مرحوم کے سوگواران میں بیوہ اور دو بیٹے شامل ہیں ۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ٹنڈو الہیار زون یوسی A-1 کے کارکن و سابق حق پرست کونسلر مبین احمد خانزادہ کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے ۔ ( آمین )

## رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکن سے اظہارِ تعزیت

کراچی ۔۔۔ 31 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محبان پاکستان سعودی عرب کے کارکن فیصل قائمخانی کی والدہ کوثر کنول کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے ۔ ( آمین )

☆☆☆☆☆